# اذان و اقامت کا ترجمہ

<"xml encoding="UTF-8?>

اذان و اقامت کا ترجمہ

" اَللهُ أَكْبَرُ " یعنی خدا اس سے بڑا ہے کہ اس کی توصیف کی جائے۔

" أَشْهَدُ أَنْ لا إِلهَ إلّا اللّهُ " یعنی گواہی دیتا ہوں کہ کوئی خدا عبادت کے لائق نہیں ہے مگر اس خدا کے جو تنہا ہے اور کوئی شریک نہیں رکھتا۔

" أَشْهَدُ أَنّ مُحَمَّداً رَسُوْلُ اللّهِ " یعنی میں شہادت دیتا ہوں کہ حضرت محمد ابن عبد اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خدا کے پیغمبر اور اس کی طرف سے بھیجے ہوئے ہیں۔

" أَشْهَدُ أنَّ عَليّاً أميرُ الْمُؤْمِنينَ وَلى اللّهِ " یعنی میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت علی علیہ السلام مؤمنین کے امیر اور تمام مخلوق پر خدا کے ولی ہیں۔

" حَى عَلى الصَّلاةِ " یعنی نماز کے لیے جلدی کریں۔

" حَىّ عَلى الْفَلاحِ " یعنی فلاح اور نجات کی طرف جلدی کریں۔

" حَىَّ عَلى خَيرِ الْعَمَلِ " نیک کاموں کی طرف جلدی کریں جو نماز ہے۔

" قَدْ قامَتِ الصَّلاةُ " یعنی بے شک نماز برپا ہو گئی۔

["اللہ اکبر" یعنی خدا اس سے بڑا ہے کہ اس کی توصیف کی جائے ۔]

" لا إِلهَ إلّا اللّهُ " یعنی کوئی خدا عبادت کے لائق نہیں سوائے اس خدا کے جو تنہا ہے اور شریک نہیں رکھتا۔